
# ایک ایپ میں
# آپ کا بینک

بی او سی موبائل ایپ کے ذریعے اپنا
پہلا اکاؤنٹ کھولنے کی رہنمائی



UR


Bank of Cyprus

## بی او سی موبائل ایپ کے ذریعے اپنا پہلا اکاؤنٹ کیسے کھولیں

### 1 بی او سی ایپ ڈاؤنلوڈ کریں اور سلیکٹ Register

GET IT ON Google Play | Download on the App Store

یا کوڈ اسکین کریں اسٹارٹ کرنے کے لئے:





## ڈیجیٹل آن بورڈنگ کا طریقہ کار

### 2 سلیکٹ "Not yet, sign me up!"


ہدایات کو دھیان سے پڑھیں۔ یہ آپ کا سفر آسان بنائیں گیں

آگے بڑھنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ:
- کم از کم ۱۸ سال کے ہوں
- یورپی یونین کے کسی ملک، یا برطانیہ، اسرائیل، یا یوکرین کے مستقل رہائشی ہوں (ان ممالک/علاقوں کے علاوہ جو بین الاقوامی پابندیوں کا شکار ہیں)


آپ کو ضرورت ہوگی :
- اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ
- ملازمت سے متعلق تفصیلات
- مالیاتی اور ٹیکس سے متعلق رہائش کی معلومات




### 3 اپنی ذاتی معلومات پُر کریں




## 4 اپنی ذاتی معلومات درج کریں اور شرائط و ضوابط کو قبول کریں۔




**داخل کریں :**
- پیدائش کا ملک
- شناختی دستاویز
- دستاویز جاری کرنے والا ملک

## 5 آگے بڑھنے سے پہلے شناخت سے متعلق ہدایات غور سے پڑھیں۔




**قابل قبول دستاویز:**
صرف **اصل** شناختی دستاویز یا پاسپورٹ۔


**ہم درج ذیل دستاویزات قبول نہیں کرتے:**
- ڈرائیونگ لائسنس
- ایلین رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (ARC)
- دیگر سرکاری دستاویزات یا ان کی نقول۔

## 6 اے) اپنی شناختی دستاویز اسکین کریں


**شناختی دستاویز کی کامیاب اسکیننگ کے لیے مفید نکات :**

– اسکیننگ کے لیے اپنی دستاویز کو کسی گہرے رنگ کی سطح پر رکھیں۔
– کوشش کریں کہ یہ عمل ایل ای ڈی لائٹ کے نیچے نہ کریں، ورنہ تصویر دھندلی ہو جائے گی اور قابل قبول نہیں ہوگی۔
– شناختی کارڈ کو کیس سے نکال کر اسکین کریں۔
– اسکین کرتے وقت دستاویز پر انگلیاں نہ ہوں۔
– شناختی کارڈ کے دونوں طرف اسکین کریں۔

اپنے شناختی کارڈ کو ایک ہموار سطح پر رکھیں، اور اس کی تصویر اوپر کی طرف ہو۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کیمرہ پورے کارڈ کو فریم میں پکڑ لے۔




پھر اپنے شناختی کارڈ کو اس کی پچھلی طرف موڑیں۔ اپنے فون کو اس طرح حرکت دیں کہ شناختی کارڈ کا پورا حصہ زرد فریم میں آ جائے۔





## 6 بی) اپنے پاسپورٹ کو اسکین کریں

### شناختی دستاویز کی کامیاب اسکیننگ کے لیے مفید نکات:

– اسکیننگ کے لیے اپنی دستاویز کو کسی گہرے رنگ کی سطح پر رکھیں۔
– کوشش کریں کہ یہ عمل ایل ای ڈی لائٹ کے نیچے نہ کریں، ورنہ تصویر دھندلی ہو جائے گی اور قابل قبول نہیں ہوگی۔
– اسکین کرتے وقت دستاویز پر انگلیاں نہ ہوں
– صرف وہ پاسپورٹ صفحہ اسکین کریں جس پر تصویر ہو۔
– پاسپورٹ کو اسکین کرنے سے پہلے اسے پاسپورٹ کیس سے نکال لیں۔

اپنے پاسپورٹ کو تصویر والے صفحے پر کھولیں اور اسے ایک مستحکم سطح پر رکھیں۔ اپنے فون کو اس طرح حرکت دیں کہ پاسپورٹ کا پورا حصہ اسکرین پر نظر آنے والے زرد فریم میں آ جائے۔ آپ کا پاسپورٹ کا عکس خودبخود کیمرہ سے لے لیا جائے گا۔




اگر مسترد ہو جائے، تو براہ کرم مسترد ہونے کی وجوہات پر توجہ دیں اور دوبارہ کوشش کریں۔

## شناخت کی تصدیق میں ناکامی کی مثالیں

دھندلا






دستاویز کا پورا حصہ اسکین نہ کرنا

تصویر میں ناخن ہونا

ہموار سطح پر نہ ہونا، اور گاہک نے پاسپورٹ کے دونوں طرف بھی اسکین کیے۔




کاپی



## 7 چہرے کی اسکیننگ


### چہرے کی کامیاب اسکیننگ کے لیے مفید نکات:

– سادہ اور ہلکے رنگ کے پس منظر کے سامنے کھڑے ہوں۔
– دیوار سے تھوڑا دور کھڑے ہوں تاکہ سائے نہ پڑیں۔
– یقینی بنائیں کہ پس منظر میں چمک یا نمونے نہ ہوں۔
– یہ بہتر ہے کہ ایل ای ڈی لائٹ کے نیچے اسکین کرنے کی کوشش نہ کریں، ورنہ تصویر دھندلی ہو جائے گی اور قبول نہیں کی جائے گی۔
– آنکھیں مکمل طور پر نظر آئیں۔
– کسی بھی چشمے یا ماسک کو اتاریں۔
– اگر آپ کسی دوسرے شخص سے تصویر کھنچوائیں تو یہ مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔





- کیمرے میں سیدھا دیکھیں اور بے حرکت کھڑے ہوں۔
- تصویر کے لیے کوئی بھی چشمہ یا ماسک اُتار لیں۔
- صرف اپنے چہرے کو سفید اور صاف پس منظر میں رکھیں۔

## 8 اپنی ملازمت کی تفصیلات اور مالی - ٹیکس رہائشی تفصیلات درج کریں




**اپنی ملازمت کی تفصیلات منتخب کریں:**
- زمرہ (مثلاً: ملازم، دیگر، کرایہ دار، خود مختار)
- پیشہ




**اپنی درج کریں:**
- سالانہ آمدنی (تنخواہ)
- کل سالانہ آمدنی: وہ رقم درج کریں جو آپ کے اکاؤنٹ میں متوقع طور پر آئے گی۔

**اپنی درج کریں:**
- کل سالانہ اخراجات۔

# خوش آمدید

بینک آف قبرص میں